Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | ہفتہ، 16 مارچ 2024ء، 5 رمضان المبارک 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 09

اوورسیز پراپرٹی ٹرانسفر سروس شروع کرنے کا اعلان

امریکہ، برطانیہ، کینیڈا، سعودی عرب، گلف دیگر ممالک میں اوورسیز پاکستانیوں کو سروسز کے لئے جلد اقدامات کا حکم، سرکاری اراضی کی لیز کا ریکارڈ طلب

سرکاری اراضی پر پارک، روڈ سائیڈ سمال جم بنانے کیلئے اقدامات، ہر ڈسٹرکٹ میں اراضی سہولت مرکز قائم کرنے کی ہدایت، 30 جون تک 11 ڈویژن میں اراضی سہولت مرکز کا آغاز کیا جائے گا

لاہور (ان این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے اوورسیز پراپرٹی ٹرانسفر سروس شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اوورسیز پراپرٹی ٹرانسفر سروس میں فری میڈیشن، ای گورننس اور ریجسٹریشن کی سہولت ہوگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے امریکہ، برطانیہ، کینیڈا، سعودی عرب، گلف دیگر ممالک میں اوورسیز پاکستانیوں کو سروسز کے لئے جلد اقدامات کا حکم دیا اور (بقیہ نمبر 30)

رمضان المبارک کے پہلے ہفتے میں مہنگائی میں اضافہ ریکارڈ

گزشتہ ہفتے مہنگائی میں 1.35 فیصد کا بڑا اضافہ ہوا، وفاقی ادارہ شماریات

کراچی (این این آئی) وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق رمضان المبارک کے پہلے ہفتے میں مہنگائی کی شرح میں 1.35 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے 18 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، گزشتہ ہفتے کیلئے 22 فیصد تک جمع ہوئے ہفتہ 22 فیصد اور اشیائے خوردونوش کی شرح میں 7 فیصد سے زیادہ مہنگے ہوئے، پیاز کے نرخ بھی 61 فیصد تک بڑھ گئے، لہسن، ٹماٹر، بیف اور (بقیہ نمبر 29)

پاکستان نے ٹیکس آمدنی کا پلان پیش کر دیا

ٹیکس دہندگان کی تعداد بڑھا کر محصولات کو بڑھایا جا رہا ہے، پاکستان نے آئی ایم ایف کو ایف بی آر میں اصلاحات سے آگاہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان کیپیٹل مدنی قرض پروگرام کے جائزہ مذاکرات جاری ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس آمدنی کا پلان آئی ایم ایف کو پیش (بقیہ نمبر 3)

غریب ترین ممالک کی فہرست جاری، پاکستان بھی شامل

دنیا کے 100 غریب ترین ممالک میں پاکستان 52، بنگلادیش 62 اور بھارت 63 ویں نمبر پر

کراچی (این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے اپنی ایک رپورٹ میں دنیا کے غریب ترین ممالک کی فہرست جاری کی ہے جس میں جنوبی سوڈان 492.72 ارٹی کس جی ڈی پی کے اعتبار سے اول (بقیہ نمبر 32)

شافع حسین کا پنجاب کلرڈ ویلپمنٹ اتھارٹی کا دورہ

نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر روزگار کیلئے بیرون ممالک بھجوانے کی منصوبہ بندی کی جائے، وزیر صنعت و تجارت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے پنجاب سکفوڈ ویلپمنٹ اتھارٹی کے آفس کا دورہ کیا۔ ادارے کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور ورکنگ کا جائزہ لیا۔ ڈی جی پی ایس ڈی اے وسیم عمر (بقیہ نمبر 31)

قومی اسمبلی میں غزہ میں مسلمانوں پر مظالم کے خلاف قرارداد متفقہ طور پر منظور

7 آرڈیننس کی مدت میں توسیع

آرڈیننس پر ہمارے بھی سنگین تحفظات ہیں، ہمیں کچھ آرڈیننسز کے مواد پر بھی تحفظات ہیں، نوید قمر، وزیراعظم نے ہدایت کی ہے اتحادی جماعتوں کے نمائندوں پر ایک کمیٹی بنائی جائے، اعظم نذیر تارڑ

جب آرڈیننسز پیش کیے گئے، اپیکیز نے ہمیں وقت نہیں دیا، عمر ایوب ..... ہر وقت قیدی کے پیچھے کھڑے نہ ہوا کریں، اعظم نذیر تارڑ، آرڈیننسز پر حکومتیں نہیں چلتیں، سید خورشید شاہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن کے شور شرابے کے دوران 7 آرڈیننس کی مدت میں توسیع کی قرارداد اور ہر طور پر منظور کر لی گئی۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کا اجلاس وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت شروع ہوا، جس میں 7 مسلمانوں پر مظالم کے خلاف قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کا اجلاس اپوزیشن کے شور شرابے کے دوران

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بس کی یہ کالے لٹکار
بانیٔ اداریہ: عبدالکریم عابد
چیف ایڈیٹر: خوشی محمد طارق

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

خود انحصاری کی طرف آنا ہوگا

وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کی سربراہی میں پاکستان کی معاشی ٹیم کے دورے پر آئے آئی ایم ایف کے وفد کے ساتھ مذاکراتی عمل شروع ہوگیا۔ وزیرخزانہ نے نجی ٹی وی چینل کو دیئے گئے انٹرویو میں کہا ہے کہ اس وقت میکرو استحکام ہے۔ اسے مستقل کرنا ہے۔ آئی ایم ایف پروگرام کے بعد مشرق وسطیٰ کے بینکوں سے رابطہ کریں گے۔

آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کے دوران ہماری معاشی ٹیم کی کوشش ہوگی کہ اس عالمی مالیاتی ادارے سے زیادہ سے زیادہ مالی مفاد حاصل کیا جائے جبکہ دوسری طرف بیٹھے ہوئے لوگوں کی کوشش ہوگی کہ جو قرض ملی بی جا رہی ہمیں سود اس کی واپسی یقینی بنائی جائے۔ اسی لئے یہ مالیاتی ادارے قرض دینے کے ساتھ ہی شرائط بھی رکھ دیتے ہیں جن کو تسلیم کرنا قرض خواہ کی مجبوری ہوتی ہے۔ پاکستان کی نئی حکومت کی نئی معاشی ٹیم مذاکرات میں کہاں تک کامیاب ہوتی ہے اس حوالے سے زیادہ خوش فہمی کی ضرورت نہیں ہے۔ مذکورہ انٹرویو میں وزیرخزانہ کی طرف سے کہا گیا کہ ہمارے پاس بٹن نہیں ہے کہ اسے دبائیں گے تو پاکستان کی مالی حالت بہتر ہو جائے گی۔ وزیرخزانہ یہ بھی کہتے ہیں کہ دوست ممالک نے واضح عندیہ دیا ہے کہ وہ امدادبٹوں بذریعہ سرمایہ کاری مدد کرنا چاہتے ہیں تجارت کرنا چاہتے ہیں۔ پرائیویٹ انویسٹمنٹ بھی ایس آئی ایم ایف کی ذریعے ہی کی جاسکتی ہے۔ گویا امداد دینے والوں نے ہاتھ کھڑے کردیئے ہیں۔ آخر کب تک وہ امداد دیتے رہیں گے۔ اس سے بڑا سوال یہ ہے کہ ہم کب تک امدادوں اور قرضوں پر چلتے رہیں گے؟ خود انحصاری کی طرف کیوں نہیں آتے؟ آج مسلم لیگ نون کی حکومت ہے اس کی طرف سے پاکستان کو ایشین ٹائیگر بنانے کے دعوے کیے جاتے رہے ہیں۔ ایشین ٹائیگر بننے کے لیے دوست ممالک نے فارمولا بتادیا ہے۔ مزید برآں وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی حکومت کے اخراجات کم کرنے کیلئے سات رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ کمیٹی سرکاری اخراجات میں کمی لانے کیلئے عملی منصوبہ پیش کرے گی۔ ملک ترقی اور خوشحالی کی شاہراہ پر ایسے اقدامات کے ذریعے ہی گامزن ہوسکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات میں عوامی مشکلات کو پیش نظر رکھا جائے۔ ان اداروں کی اپنی ترجیحات ہیں جہاں پر بچت کی ضرورت ہے وہیں اشرافیہ کی بڑی بڑی مراعات پر بھی کٹ لگانا ہوگا۔ ایسے اقدامات ہی سے مالیاتی اداروں کے چنگل سے نکل کر خود انحصاری کی طرف بڑھا جاسکتا ہے۔

حالیہ ملکی معاشی حالات اور لڑکیوں کی تعلیم پر اسکے اثرات

(فاطمہ بتول)
fatimahbatul@gmail.com

سال 2023 کے وسط میں آنے والے بدترین اقتصادی بحران اور مہنگائی کی خوفناک لہر نے پاکستان کی آدھی سے زیادہ آبادی بشمول غذائی بحران اور لوئر مڈل کلاس کو بری طرح متاثر کیا۔ اس بحران نے لاکھوں لوگوں کے لیے زندگی کرنے کی بنیادی ضروریات بشمول خوراک، صحت اور تعلیم کا حصول مشکل تر بنا دیا۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ نے سال 2023 میں پاکستان میں غربت کی شرح کو 37.2% بیان کیا ہے اور ایک محتاط اندازے کے مطابق ملک کی کم و بیش آدھے سے زیادہ آبادی کی زندگی اس سال غربت کی لکیر سے نیچے گنتی اور سرکتی نظر آتی ہے۔

تعلیم کی بات کریں تو پاکستان کا لٹریسی ریٹ (شرح خواندگی) سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 62 % جبکہ ایک ریسرچ کے مطابق پاکستان دنیا میں دوسرا بڑا ملک ہے جہاں آدھے آف سکول بچوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ یونیسف کے سروے کے مطابق پاکستان میں انداز "44 % بچے اسکول نہیں جاتے۔ سموئیں کا تقابلی جائزہ ہو تو سب سے زیادہ ٹرینڈ ساکت صورت حال بلوچستان کی ہے جہاں تقریباً "47 % بچے سکول نہیں جا پاتے اور اس بلند شرح کے درجتوں و وجوہات میں سے نمایاں ترین تعلیم کا کنزور، ناکمل اور غیر فعال انتظامی ڈھانچہ، دہائیوں پر محیط دہشت گردی کا ناختم ہونے والا سلسلہ اور بے تحاشا شرحِ بہت جن کی وجہ سے جغرافیائی تفاوتِ مال میں سب سے بڑے صوبہ کے باسی محرومیوں میں سب سے آگے ہیں۔ پاکستان اسٹاٹک سروے 2022-2023 کے مطابق سال 2021-2022 میں جی ڈی پی کا صرف 1.77 تعلیم پر خرچ کیا گیا جب کہ حالیہ شرح خواندگی 51.9% زنانہ اور مردانہ 73.4% ہے جو کہ خطے میں کم ترین تصور کی جاتی ہے۔

یہ بچ ہے کہ تعلیمی سہولیات میں سندھ اور پنجاب نسبتاً "دوسرے دو صوبوں سے بہتر گردانے جاتے ہیں لیکن 2023 کی خوفناک معاشی صورت حال نے یہاں بھی سب سے زیادہ متاثر تعلیم کے شعبہ کو ہی کیا ہے۔ اسی سال تعلیمی اداروں میں طلبہ کی تعداد میں اچانک نمایاں کمی دیکھی گئی، خاص کر لڑکیوں کے سرکاری تعلیمی ادارے بشمول پرائمری ادارے، سیکینڈری سکول اور کالجز میں طالبات کی ایک بڑی تعداد جہاں ہر سطح کی تعلیم کے مواقع قسماً "زیادہ موجود ہیں۔ پنجاب کے حالیہ جاری کردہ ترقیاتی اعداد و شمار کے مطابق صوبہ بھر میں سرکاری سکولوں، کالجوں کی تعداد 47173، 3172 جبکہ مختلف ڈسٹرکٹ ۱۰۰ سے زاد یونیورسٹیوں موجود ہیں۔

اگر مزید بات کی جائے تو ادارہ شماریات کی حالیہ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں راولپنڈی ضلع تعلیمی اعتبار سے سب سے آگے نظر آتا ہے۔ راولپنڈی کے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں ایک اہم سرکاری عہدے دار سے غیر رسمی گفتگو کا موقع ملا تو انھوں نے بتایا کہ 2023 میں بچیوں کے سکولوں میں اگلی تعداد میں یکدم کمی دیکھنے میں آئی اور صدکو شش کے باوجود بھی افراطِ زر کمسٹ خاندانوں کو مالی بحران سے نہ بچا سکی۔ مہنگائی کے باعث والدین کو تعلیمی اخراجات کا بوجھ اٹھانا مشکل تھا۔ انھوں نے مزید بتایا کہ ان سکولوں میں ایسی بچیاں بھی زیرِ تعلیم ہیں جن کے والدین اپنا پیٹ کاٹ کر انکو تعلیم دلوانے کی سعی کرتے ہیں لیکن مشکل حالات میں انہی بچیوں کی ایک بڑی تعداد تعلیم سے محرومی کا شکار ہے اور چائلڈ لیبر میں بھیج دی جاتی ہے کیونکہ والدین معاشی کی شدید کمی میں مجبوراً اپنی کم عمر بچیوں کو انجانی کم پیسوں اور نخواہ پر ہی دوسروں کے گھروں میں کام پر بھیج دیتے ہیں تا کہ گھر کی آمدن میں کچھ اضافہ کیا جاسکے۔

یہ بات تو عیاں ہے کہ پاکستان میں بچیوں کے تعلیم سے محرومی کے دور رس معاشی اور معاشرتی اثرات مرتب ہوتے ہیں اور ہمارے سماجی مسائل میں اضافہ کا باعث بنتے ہیں۔ ان اثرات اور مسائل میں چند اہم شرح خواندگی میں کمی، جنسی عدم مساوات، معاشرے میں کلاس سسٹم میں اضافہ، کم عمری کی شادی اور اسکے نتیجے میں خاندانی نظام کی ابتری، چائلڈ لیبر، ڈومیسٹک لیبر میں اضافہ اور کم سن بچیوں کے استحصال اور تشدد کے واقعات کا بڑھنا ہے۔ اسکے ساتھ سماجی بہت سے شاندار ذہان اور اعلیٰ قابلیت خرچت اور وسائل کی کمی کی بھینٹ چڑھ جاتے ہیں۔

حکومتی سطح پر ضرورت اس امر کی ہے کہ ارباب اختیار اور پالیسی ساز اس مسئلہ کی جانب توجہ دیں اور تا کہ تعلیم نچلے طبقے کی پہنچ سے دور تر نہ ہوتی جائے لیکن المیہ یہ بھی ہے کہ ہمارے ہاں پالیسی ساز اور ان کی پالیسیوں کو لاگو کرنے والے بھی سیاسی بنیادوں پر دفعتاً "تبدیل کر دیے جاتے ہیں جنکی ایک مثال صرف گزشتہ تین سالوں میں پنجاب میں سکول اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں بالترتیب 13 اور 17 سیکریٹریز کا تبدیل کیے جانا ہے جو کہ تسلسل کا باعث اور اس بات کا مظہر ہے کہ تعلیم ہماری ترجیحات میں ابھی بہت پیچھے ہے۔

اس سلسلے میں والدین کی مدد کے لیے چند دیگر اقدامات جو ہنگامی بنیادوں پر اٹھائے جاسکتے ہیں ان میں حقیقی طلبہ کے لیے سرکاری اداروں میں تعلیمی ضمائف میں اضافہ دیہاتی سکولوں کی اپ گریڈیشن تا کہ والدین کے ٹرانسپورٹیشن اخراجات کو کم کیا جاسکے انھوں نے بتایا کہ 2023 میں بچیوں کے سکولوں میں اگلی تعداد میں یکدم کمی دیکھنے میں آئی اور صدکوشش کے باوجود بھی افراطِ زر کمسٹ خاندانوں کو مالی بحران سے نہ بچا سکی۔ مہنگائی کے باعث والدین کے مالاقات اور کمسٹک کے لیے تعصبی کوننگ جگہ کا قیام ہے تا کہ سکول انظامیہ خود متحرک ہو کر والدین سے ملے اور ان بچیوں کو واپس سکول اور کالجز میں لا سکے نیز حکومت کو تعلیمی اشیاء اور اسٹیشنری پر عائد ٹیکسز کے بوجھ سے بچے ہوئے ملیانا ہوگا تا کہ پہلے سے پیا ہوا طبقہ ان ٹیکسز کی بنا پر مزید مشکل کا شکار نہ ہو سکے۔ ایک اور ضروری قدم جو حکومت مستقبل طالبات کے لیے انفاسٹرکچر سے وہ فری ٹرانسپورٹیشن کا انتظام ہے۔ سرکاری تعلیمی اداروں میں پہلے سے ہے، اس کا خرچ تقریباً 70 فیصد تک طلبہ خود برداشت کرتے ہیں اگر ذرا سی کوشش کی جائے تو ٹرانسپورٹیشن فیس ادا نہ کر سکنے والی بچیوں کی مدد کر کے اعلیٰ تعلیم میں اس رکاوٹ کو دور کیا جا سکتا ہے جس کے لیے طالعاتی کمیٹی میں ایک ممبر کا اضافہ کر کے والدین کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔

یہ کہنا بے جا ہوگا کہ ہمارے ملک میں معیشت کی ڈوبتی کشتی کے سب سے برے اثرات تعلیم پر رونما ہو رہے ہیں جس سے آنے والی کئی نسلیں متاثر ہو سکتی ہیں۔ آئین کے آرٹیکل A-25 کے مطابق ملک کے ہر فرد کے لیے بلاتخصیص بنیادی ضروری تعلیم کا مہیا کرنا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے تمام تر وسائل کا انتظام اور ان کو بروقت بروئے کار لانا آج کی معاشی صورت حال میں سب سے بڑھ کر ضروری ہو چکا ہے۔

اچھائیوں میں مقابلہ وموازنہ کیجیے

رفیع صحرائی

محترمہ مریم نواز شریف کو صوبے کی عنانِ حکومت سنبھالے چند ہی روز ہوئے ہیں مگر انہوں نے اپنی موجودگی کا بھرپور احساس دلا دیا ہے۔ وہ ہر لمحہ متحرک رہتی ہیں۔ ان پر تنقید کرنے والے اپنے مفید مشوروں سے نوازتے ہوئے اعتراض اٹھا رہے ہیں کہ وزیر اعلیٰ کا کام پالیسی دینا اور انتظامیہ کے ذریعے اس پر عمل کروانا ہے ہسپتالوں، تھانوں، ٹیفلی سٹورز اور سستے بازاروں میں جانا ان کا کام نہیں ہے۔ اس طرح کی باتیں کرنے والے اپنی جگہ ہیں جب۔ جب انہیں سیاست سے دلچسپی شروع ہوئی تو انہیں نے جناب پرجناب مثبان بزدار کی حکومت دیکھی تھی۔ انہیں احساس ہوگیا کہ وزیر اعلیٰ کا کام اس دفتر میں بیٹھنا اور احکامات دینا ہے۔ دو مریم نواز شریف کا تقابل جب بزدار سے کرتے ہیں تو ہمیں محترم مریم نواز شریف کا بے جوڑ سٹائل ہضم نہیں ہوتا۔ وہ اس بات سے بے خبر ہیں کہ مریم نواز شریف کا بطور وزیر اعلیٰ جناب مثبان بزدار سے مقابلہ نہیں ہے۔ ان کے سامنے بطور آئیڈیل ان کے اپنے چچا میاں شہباز شریف ہیں جنہوں نے بطور وزیر اعلیٰ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ ان کے سامنے بطور آئیڈیل جناب محسن نقوی کے بطور وزیر اعلیٰ کارکردگی بھی ہے جنہوں نے اپنے مختصر دور حکومت کے دوران مثالی کارکردگی کے سے بھی زیادہ کام کیے ہیں۔ ساری دنیا تو اللہ کے سوا کسی کو نہیں ہوتی۔ تنقید کرنے والوں کی پروا کی جائے تو ہونے والے کام بھی نہیں ہو پاتے کیونکہ ہمارے ہاں تنقید کو تنقیص کا متبادل بنا دیا گیا ہے۔

حاکمین کو مشکل کے باوجود مریم نواز شریف کے رمضان پیکیج پر تنقید کا کوئی پہلو تلاش نہیں کرنا چاہیے انہوں نے اس بات پر اعتراض اٹھایا ہے کہ رمضان پیکیج جس قیمتے میں بیک کیا جاتا ہے اس پر میاں نواز شریف کی تصویر کیوں چھپی ہوئی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ انہیں رمضان پیکیج کا تحول ہے، میں نواز شریف کی تصویر پر اعتراض ہے کیونکہ وہ اس کپڑے کو سرہانہ بنانے یا کسی دوسرے استعمال میں نہیں لا سکیں گے۔ بظاہر وہ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ رمضان پیکیج سرکاری خرچ پر دیا جا رہا ہے لہٰذا اس پر پارٹی سربراہ کی تصویر نہیں ہونا چاہیے۔

اگر ہم ماضی میں جائیں تو 2008 میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے شہید بے نظیر بھٹو کے نام پر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام شروع کیا تھا۔ کلف وقوم کے لیے محترمہ بے نظیر بھٹو کی عظمت کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ان کے نام سے منسوب یہ ایک بہترین امدادی پروگرام ہے جو تا حال کا میابی سے جاری ہے۔ 2013 میں جب مسلم لیگ ن کی حکومت آئی تو یہ پروگرام اسی کے نام سے جاری رہا۔ البتہ جب 2018 میں جناب عمران خان کی حکومت آئی تو انہوں نے BISP کا نام تبدیل کر کے احساس پروگرام رکھ دیا۔ شاید وہ اس طریقے سے بینظیر بھٹو کا نام عوام کی یادداشت سے محو کرنا چاہتے تھے۔ عمران خان کی اقتدار سے علیحدگی کے بعد احساس پروگرام دوبارہ سے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے نام سے کام کرنے لگا۔

اب ذرا اس بات کا جائزہ بھی لیا جائے کہ کیا جناب عمران خان کے دور میں صحت کے پروگرامز کے مشہور پینشن کے لیے استعمال کیا گیا یا اس کا مقصد اتنا گیا گیا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ صحت کارڈ کا منصوبہ دراصل میاں نواز شریف نے شروع کیا تھا۔ اپنے اس میں وسعت اور ہر خاص و عام تک رسائی جناب عمران خان نے ممکن بنائی۔ بلاشبہ یہ عمران خان کا سب سے بڑا میگا پراجیکٹ تھا۔ اس کا نام عمران خان نے تبدیل کر کے صحت انصاف کارڈ رکھ دیا۔ یہ پاکستان تحریک انصاف کی تشہیر کی شہوری اور سوچ کی عکاسی تھی۔ اس کے علاوہ محکمہ تعلیم میں ایک تاخیر کیا گیا جب "انصاف" آفٹرنون سکولز کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس کے علاوہ انصاف سٹیزن ہومز، انصاف کسان کارڈ، انصاف راشن کارڈ، انصاف معذور و بزرگ کارڈ، انصاف موٹر کارڈ وغیرہ شہریت کتنے ہی پراجیکٹ میں تھے جن میں اپنی سیاسی پارٹی کی تشہیر کا پہلو اجاگر کیا گیا۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ پاکستان کی تینوں بڑی سیاسی پارٹیوں نے اپنے قائدین اور رفاہی منصوبہ جات میں اپنی پارٹی یا لیڈر شپ کی تشہیر کا پورا پورا اہتمام کیا ہے تا کہ سکہ رائج الوقت کی اس پر انگلیں کو پیش کر دیا جائے۔ انہیں میں ہرج بھی نہیں ہے۔ اگر کسی پارٹی یا لیڈر نے عوام کی فلاح و بہبود کے کسی منصوبے کو لوگی جامہ پہنایا ہے تو اسے اس منصوبے کا کریڈٹ لینے کا پورا حق حاصل ہے۔ ویسے بھی ایسے منصوبے نہ صرف عوام کے دلوں کو چھو لیتے ہیں بلکہ زبردار منصوبے کا نام ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہو جاتے ہیں۔ BISP کا نام بدلنے کے باوجود عمران خان عوام کے دلوں سے بے نظیر بھٹو کو نہ نکال سکے۔ صحت انصاف کارڈ کا نام ہو مرضی رکھ لیں عمران خان کا نام اس کے ساتھ ہمیشہ عوام کے دلوں سے جڑا رہے گا۔ گزشتہ سال رمضان پیکیج کے تحت ملک بھر میں مفت آٹا کی تقسیم ہوا۔ مریم نواز کا موجودہ رمضان پیکیج ہو، عوام میاں نواز شریف کو دعائیں دیتے رہیں گے۔ نامعلوم کو چھوڑیں، معلومیوں کی اقادیت دیکھیں۔ اگر عوام کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو پہنچنے دیں۔ سیاسی پوائنٹ سکورنگ عوام کا مسئلہ ہے ہی نہیں۔ ان کی اولاد ہوتی ہے۔ ان کے لیے بھی بہت ہے۔ غرض منہ دیا ہوتا ہے۔ اسے اس سرکار نہیں کہ اس کی غرض کون پوری کر رہا ہے۔

SHOWBIZ شوبز

عائشہ عمر کا میڈیکل سرجری کے بعد انڈسٹری سے وقفہ لینے کا اعلان

آٹھ برس قبل ایک ایکسیڈنٹ میں ان کے کولہر بون اور شولڈر بلیڈ کی ہڈیاں ٹوٹ گئی تھیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ عائشہ عمر نے پیچیدہ میڈیکل سرجری کے بعد انڈسٹری سے چاہ ماہ وقفہ لینے کا اعلان کردیا۔ انسٹاگرام پر پوسٹ کی گئی ویڈیو میں اداکارہ نے ملداحوں کو خبر دی کہ گیم رمضان کو ان کی سرجری ہوگئی ہے اور وہ اب روبصحت ہیں۔ عائشہ عمر نے بتایا کہ آٹھ برس قبل ایک ایکسیڈنٹ میں انہیں کولہر بون اور شولڈر بلیڈ کی ہڈیاں ٹوٹ گئی تھیں اور وہ کافی عرصے سے اس تکلیف کے ساتھ کام کررہی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ طویل عرصے کے بعد انہوں نے بہت صبح آپریشن کیا گرلی ہے اور اب وہ بہترمحسوس کررہی ہیں۔

انیمیل کی کامیابی کے بعد ترپتی نے اپنا معاوضہ دگنا کردیا

ترپتی نے انیمیل کے لئے 40 لاکھ کا معاوضہ لیا تھا

ممبئی (این این آئی) سندیپ ریڈی وانگا کی فلم انیمیل کی کامیابی کے بعد اداکارہ ترپتی دیمری نے اپنا معاوضہ دگنا کردیا۔ فلم بلاکبسٹر ثابت ہوئی اور رنبیر کپور نے مرکزی کردار نبھایا جبکہ دیگر اسٹارز بوبی دیول، شکتی مہتا اور انیل کپور بھی شامل تھے۔ گو کہ فلم میں ترپتی نے مختصر کردار نبھایا تاہم ماحلوں نے اسے خوب سراہا اور پسند کیا۔ ہم ایوارڈ نے فلموں میں کام کرنے کا اپنا معاوضہ بڑھا دیا ہے۔ ترپتی دیمری کو فلم بھول بھلیاں 3 کی کاسٹ کیا گیا تھا جسے کے لیے انہوں نے اپنا معاوضہ کم کیا۔

ایمرا خان نے اپنی شادی سے جذباتی لمحات شیئر کردیئے

ایمرا خان کی شادی سوشل میڈیا پر متعدد دنوں تک صارفین کی توجہ کا مرکز بنی رہی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف خانوں میں سے ایک، مہرمان کی بیٹی ایمرا خان نے پورا سال کے اختتام کی اپنے فرینڈ فہیم شیخ سے شادی کرلی تھی۔ ایمرا خان کی شادی سوشل میڈیا پر متعدد دنوں تک صارفین کی توجہ کا مرکز بنی رہی تھی جس کی وجہ اس شادی میں ایمرا اور ان کے شوہر کے منفرد انداز اور انداز تھے۔ اس شادی کو متعدد وجوہات کی بنا پر سوشل میڈیا پر خوب سراہا بھی گیا تھا۔ ایمرا خان کی شادی پر عامر خان کی خوب شیئر ہو رہی تھی اور لوگ اس کی ویڈیو کو بھی دیکھ رہے تھے۔ اب ایمرا خان نے اپنی ہنی مون کی شیئرنگ میں کچھ جذباتی لمحات شیئر کیے ہیں جو کہ ایمرا خان کی شادی کے بعد کے ہیں۔ ایمرا خان نے بتایا کہ

بقیہ 1

جسٹس مطالن گزشتہ دماہ میں ہسپتال میں ادویات کی 85 ہزار 298 ریفرنس کا پیک اپ کیا گیا جبکہ شہید ایمرجنسی میں تقریباً 614 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا ہے اور وارڈز میں 1497 مریضوں کا داخلہ ہوا اور آپریشن تھیٹر میں 468 مریضوں کے بڑے اور چھوٹے آپریشن کیے گئے جس میں گائنی ڈیپارٹمنٹ اور ایمرجنسی کی 6 ہزار 971 خواتین کا علاج کیا گیا ہے اور لیبر روم میں 476 خواتین کی ڈیلیوری ہوئی جس میں نارمل طور پر 157 کیس اور سی سیکشن 157 کیوں طور پر شہید گائی کے 173 خواتین کے آپریشن ہوئے شہید پیڈز میں ڈیپارٹمنٹ میں 2 ہزار 640 مریض کا پیک اپ کیا سکن اور ای ڈی میں 3 ہزار 559 مریضوں کا پیک اپ ہوا سرجری ڈیپارٹمنٹ میں 2 ہزار 617 مریض پیک ہوئے اور 130 مریضوں کے آپریشن کیے گئے آرتھو پیڈک شعبہ میں 2 ہزار 605 مریضوں کا پیک اپ ہوا اور 92 مریضوں کے آپریشن، آئیز ڈیپارٹمنٹ میں 2 ہزار 618 مریضوں کا پیک کیا گیا اور 27 مریضوں کے آپریشن ہوئے ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ میں 2 ہزار 618 مریضوں کا پیک کیا گیا ایمرجنسی میں 1700 مریضوں کا پیک اپ ہوا شعبہ نیورو سرجری میں 1173 مریضوں کا پیک اپ ہوا جبکہ نیورو سرجری شعبہ میں 1561 مریضوں کا پیک اپ ہوا جبکہ نیورو ای ڈی میں 12 ہزار 223 مریضوں کا پیک کیا گیا ہیپاٹائٹس کلینک میں 4605 مریضوں کا پیک اپ ہوا، این سی ڈی انٹرنیشل کلینک میں 2 ہزار 984 مریضوں کا اور سینٹل ہیلتھ کلینک میں 621 مریضوں کا پیک کیا گیا جبکہ دل، دین کلینک میں 6362 خواتین کی سکریننگ کی گئی ہے جبکہ شعبہ میں 441 مریضوں کا پیک کیا گیا ہے جبکہ شعبہ لیبارٹری میں 18 ہزار 614 لیب ٹیسٹ کیے گئے ایکسرے ڈیپارٹمنٹ میں 2846 ایکسرے کیے گئے اور 1849 الٹراساؤنڈ کیے گئے جبکہ ای پی آئی کلینک کی شعبہ میں 2591 خواتین کا پیک اپ کیا گیا ہے انٹرنیشل کلینک میں 414 خواتین کو ڈیل پلاننگ کے سروسز مہیا کی گئی ہیں اسی طرح ای ایڈیا پی آرمی 115 ڈیلیٹل لیگل رپورٹس اور 4 پیشہ ور کیے گئے

بقیہ 2

تعلیم کے دامداد اور پر قابل صوبے کے لیے حقدار شعبہ میں کے لیے اہل لوگ بھی جمع کیے گئے ہیں مزید تفصیل کے لیے ایک ہی ایک ہی ایک ہی

ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان کی کارکردگی رپورٹ جاری

67 ہزار 877 افراد کا چک اپ 319 نارمل ڈیلیوری 157 سی سیکشن 2846 ایکسرے 1849 الٹرا ساؤنڈ 18 ہزار 614 لیب ٹیسٹ ہوئے

414 خواتین کو فیملی پلاننگ کی سروسز مہیا کی گئی ہیں ایم ایس ڈاکٹر سرمد کیانی کی قیادت میں ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ڈینگی وارڈ بنا کر 115 میڈیکل لیگل، رپورٹس اور 4 پوسٹمارٹم کیے گئے

گوجر خان (قمر شہزاد) ایم ایس ڈاکٹر سرمد کیانی کی قیادت میں بعد از ڈینگی قیامت میں جہاں ہسپتال کے دیگر شعبوں جیسی قدر بہتری آئی اور ہیاتالش کلینک گزشتہ دو ماہ سے جناب عمر بن ٹاپ پر براہ ان تمام شعبہ جات کا گریڈ ایم ایس ڈی ایچ کیو ہاتا ہے جن کی خصوصی دلچسپی کی وجہ تمام شعبہ جات میں دن بدن بہتر ہو رہے ہیں اور ہسپتال کا میابیوں کے سفر کی جانب گامزن ہے ای کا ہاؤس کو بھی دیگر اضلاع کے خوب سراہا جا ہوئے کہا کہ جب بھی کسی پروجیکٹ کے سلسلے کی صورت میں ہمیں ایم ایس آفس جانا پڑا ہمیں کسی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑا ڈاکٹر کیانی کی سربراہی میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان کی سال 2024ء میں جنوری اور فروری کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی (بقیہ نمبر 1)

سیکرٹری بلدیات شکیل احمد جمال کو لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے مرکزی کنٹرول روم میں بریفنگ دی جا رہی ہے

پنڈ دادنخان: گورنمنٹ المیرونی کالج پنڈ دادنخان کے پرنسپل ریٹائرڈ ہو گئے

پرنسپل نزہت الرحمٰن رانجھا ایک لمبا عرصہ المیرونی کالج کے ہیڈ رہے

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کیمطابق گورنمنٹ المیرونی کالج کے پرنسپل نزہت الرحمٰن رانجھا ریٹائرہونے سے کالج ہیڈ کی سیٹ خالی ہے کالج کے پرنسپل کی سیٹ کے لیے اہل افسران میں سے چھ افسران کی سینیارٹی لسٹ جاری کر دی گئی ہے جن میں پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد شامل ہیں (بقیہ نمبر 2)

پاکستان ریلوے کی جانب سے چلائی گئی ملک کی تیز ترین ریل گاڑی ایئر منرل کی جانب رواں دواں ہے

تھانہ شہزاد ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن

42 گھروں، 09 گاڑیوں، 18 موٹر سائیکلوں اور 81 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کا سرچ آپریشن کے دوران 42 گھروں، 09 گاڑیوں، 18 موٹر سائیکلوں اور 81 مشکوک افراد کو چیک (بقیہ نمبر 5)

پیاز اور کیلے کی برآمد پر پابندی کا فیصلہ عارضی

اس پر نظر ثانی اور پابندی کی مدت میں کمی بھی لائی جا سکتی ہے، جام کمال

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو تایا گیا ہے کہ پیاز اور کیلے کی برآمد پر پابندی کا فیصلہ عارضی ہے، فیصلے پر نظر ثانی اور پابندی کی مدت میں کمی بھی لائی جا سکتی ہے۔ جمعہ کو قومی

پنجاب یونیورسٹی ہیلتھ سائنس ایڈمنسٹریشن کے زیر اہتمام کانفرنس میں شریک طلباء و طالبات کا جنیرز میں ہیلتھ ایجوکیشن کی ڈاکٹر شاہدہ منیر، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ندا محمود اور دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

ملک دشمن جماعت پروگرام کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہے، وزیر اطلاعات

آئی ایم ایف کیخلاف آئی ایم ایف کے دفتر کے سامنے احتجاج کرنے والے مٹھی بھر عناصر ہیں، کوئی یہ نہ سمجھے وہ پاکستان سے بڑا ہے

پاکستان شہیدوں، غازیوں اور سیاستدانوں کی قربانیوں سے قائم و دائم ہے، ان شاء اللہ پاکستان ترقی کرے گا، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ملک دشمن جماعت نے 9 مئی کا، ملک دشمن جماعت عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے ساتھ کیجیل مئی پریس آفیسر ڈاکٹر اکبر عامر خان کے خصوصی اسکالمات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں (بقیہ نمبر 8)

11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

تھانہ کو سہارا پولیس ٹیم نے ملزم جہان علی کو گرفتار کر کے 635 گرام ہیروئن برآمد کر لی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے کارروائیاں کرتے ہوئے دو پیشہ ور بھکاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے ترجمان کے مطابق ملزم کو دو دن کا ریمانڈ دیا گیا۔ ملزم کے خلاف تھانہ کوہسار میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔

پنجاب اسٹیٹ آف کارڈیالوجی میں ادویات کی چوری کا واقعہ تحقیقات کا حکم

ادویات کی چوری کے واقعہ کی مکمل تحقیقات کر کے ذمہ داران کا تعین کیا جائے وزیر صحت پنجاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر جگمگ سٹیلانی کیجیز ایڈمنسٹریشن ایکسیلنس خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب اسٹیٹ آف کارڈیالوجی میں ادویات کی چوری کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری صحت علی جان خان کو واقعہ کی تحقیقات کا

عمران ریاض کیخلاف درج دیگر پانچ مختلف مقدمات منسوخ ہو چکے

صحافی عمران ریاض کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست ٹمٹا دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے صحافی عمران ریاض کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست ٹمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالتی حکم پر ایف آئی اے اور آئی جی پنجاب کی جانب سے مقدمات کی تفصیلات عدالت میں پیش کی گئیں۔ ایف آئی اے کی جانب سے مقدمات کی تفصیلات ڈپٹی اٹارنی جنرل طارق نشیر نے پیش کیں۔ سرکاری وکیل کے مطابق عمران ریاض کے خلاف سائبر کرائم لاہور (بقیہ نمبر 9)

پڈ دادنخان: گورنمنٹ المیرونی کالج پنڈ دادنخان کے پرنسپل ریٹائرڈ ہو گئے

پرنسپل نزہت الرحمٰن رانجھا ایک لمبا عرصہ المیرونی کالج کے ہیڈ رہے

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کیمطابق گورنمنٹ المیرونی کالج کے پرنسپل نزہت الرحمٰن رانجھا ریٹائرہونے سے کالج ہیڈ کی سیٹ خالی ہے کالج کے پرنسپل کی سیٹ کے لیے اہل افسران میں سے چھ افسران کی سینیارٹی لسٹ جاری کر دی گئی ہے جن میں پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد، پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار احمد شامل ہیں (بقیہ نمبر 2)

سندھ، بلوچستان اور کے پی کے میں 10 سیورج ٹریٹمنٹ پلیوں سے آلودہ نکلے

کراچی (این این آئی) سندھ، بلوچستان اور کے پی کے میں 10 سیورج ٹریٹمنٹ پلیوں میں کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق کراچی، حیدرآباد، کوئٹہ، لورڈیر اور ڈیرہ غازی خان سے حاصل کردہ سیورج کے نمونوں میں پولیو وائرس موجود پایا گیا ہے۔ ایک ہفتے میں سیورج کے 22 نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا۔ رواں برس 56 سیورج ٹریٹمنٹ میں پولیو وائرس کی تصدیق ہو چکی (بقیہ نمبر 3)

طلال چوہدری نے سینیٹ کی جنرل نشست پر کاغذات نامزدگی جمع کروا دیے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما طلال چوہدری نے سینیٹ کی جنرل نشست پر کاغذات نامزدگی جمع کروا دیے۔ لاہور میں الیکشن کمیشن کے دفتر کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم کسی کی بحث میں الجھنا نہیں چاہتے، حکومت نواز شریف ہی کے ہے، سینیٹ کی جنرل نشست پر کاغذات نامزدگی جمع (بقیہ نمبر 4)

شاہ کوٹ نامعلوم 55 سالہ بزرگ دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق

نکانہ صاحب (این این آئی) اوئیس کالونی میں نامعلوم 55 سالہ بزرگ دل کا پڑنے سے جاں بحق ہو گیا، اطلاع پا کر ریسکیو 1122 کا عملہ وہاں پہنچا، ریسکیو عملے نے ضروری کارروائی کے بعد ڈیڈ باڈی تحصیل ہسپتال شاہ کوٹ منتقل کر دی۔

ثناء اللہ کا ہوٹل میں ڈنر، 18 ملزمان گرفتار

ہوٹل کا مینیجر، 3 ویٹرز اور 14 ملازمین گرفتار، مقدمہ درج

فیصل آباد (این این آئی) ثناء اللہ کا ہوٹل میں ڈنر، 18 ملزمان گرفتار، ہوٹل کا مینیجر، 3 ویٹرز اور 14 ملازمین گرفتار، مقدمہ درج (بقیہ نمبر 6)

ربا ری کی وارداتوں میں ملوث روح اللہ گینگ کے 02 ملزمان گرفتار

مسروقہ رقم 01 لاکھ 30 ہزار روپے، موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (عمیر الرحمان سے) قائد ریس اور روٹیل شاہ میں، گرفتار ملزمان سے مسروقہ رقم 01 لاکھ 30 ہزار روپے، موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد، ایس اور ایس کورس راجہ افتخار نے بتایا متعدد وارداتوں کے انکشاف (بقیہ نمبر 2)

ممبر قومی اسمبلی انجم عقیل خان، صمد راسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری احسن بخاری ایف ایف ایف ڈیپارٹمنٹ ایسوسی ایشن کی نومنتخب باڈی سے حلف لے رہے ہیں

اسلام آباد کو مثالی شہر بنانے کیلئے برٹش کمیونٹی کا تعاون درکار ہے، انجم عقیل

حکومت شہر کے دیگر پروجیکٹس کی بروقت تکمیل میں حائل مالی مسائل حل کرے، احسن بخاری

حسن بخاری کی رہنمائی باڈی نے بھرپور کام کیا ہے میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں

اسلام آباد (این این آئی) ممبر قومی اسمبلی انجم عقیل خان نے کہا ہے کہ اسلام آباد کے تمام مراکز میں تبدیلی کام کی اشد ضرورت ہے، شہر تمام شعبہ جات میں بہتری ناگزیر ہے، ایم این اے انجم عقیل خان کے ہمراہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ صدر آل پاکستان انجمن تاجران اجمل (بقیہ نمبر 3)

ایکس کی بندش پر وفاقی حکومت کے وکیل کو طلب کر لیا گیا

وکیل کا موقف سن کر نوٹس کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کریں گے، عدالت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ ایکس کی بندش پر وفاقی حکومت کے وکیل کو طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد بلال حسن نے حافظ شاکر محمود کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے ریمارکس دیئے کہ وفاقی حکومت کے وکیل کا موقف سن کر نوٹس کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کریں گے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ ایکس کو بند کر کے آزادی اور بنیادی حقوق چھینے کے برابر ہے، آئینی طور پر کسی شہری کی آزادی کو چھینا نہیں جا سکتا، درخواست میں وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔

صوبائی وزیر تکنیکی امور میجر (ر) شاہد رفیق اور دیگر عہدیداران کی جانب سے پھول پیش کیے جا رہے ہیں

ہائبرنی کی وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

چھینی گئی نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ کنٹمنٹ پولیس ٹیم نے ہائبرنی کی وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے چھینی گئی نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر عامر خان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی

گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی تیمور کو میڈیکل کالج کی گولڈ میڈلسٹ طالبات تبسم زہرا، ماہ وش صالح اور عائشہ اقبال کو گورنر ہاؤس میں نقد انعامات دے رہے ہیں

پنجاب آرٹس کونسل میں ثقافتی دیہاڑ کے سلسلے میں پنجابی مشاعرہ

پنجاب کی ثقافت کی جڑیں تاریخ میں پیوست ہیں، ڈائریکٹر محمد شکور

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب آرٹس کونسل میں ثقافتی دیہاڑ کے سلسلے میں پنجابی مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا۔ مشاعرے کی صدارت ممتاز شاعر ارشم سلیمی نے کی جبکہ نظامت کے فرائض ناصر علی ناصر نے ادا کیے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل محمد شکور بلوچ مہمان خصوصی مشاعرے میں شریک ہوئے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل محمد شکور نے کہا کہ پنجاب کی ثقافت کی جڑیں تاریخ میں پیوست ہیں، دنیا بھر میں بسنے والے پنجابی ہر جگہ منفرد شناخت رکھتے (بقیہ نمبر 5)

آئی جی گلگت بلتستان پولیس کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

کیمروں اور مانیٹرنگ ہال کا وزٹ اور ایک طریقے کار واقادیت بارے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی گلگت بلتستان پولیس نے سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کیا۔ کیا جی پی او سیف سٹی ٹریفک کے کنٹاٹ اینڈ کنٹرول سنٹر، سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، جدید ٹیکنالوجی کے حامل کیمروں اور مانیٹرنگ ہال کا وزٹ اور ایک طریقے کار اور افادیت کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسکیمز جنرل (بقیہ نمبر 6)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الدین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

گوجر خان پیشہ ور بھکاریوں کی محفوظ پناہ گاہ بن گیا

رمضان المبارک کی آمد کیساتھ پیشہ ور بھکاریوں کی بہتات نے دوکانداروں گاہکوں اور راہ گیروں کی ناک میں دم کر کے رکھ دیا

تاجر ٹرائسٹگان اور عوامی وسماجی حلقوں نے حکام بالا سے نوٹس لینے اور انکے خلاف گرینڈ آپریشن کرنے کا مطالبہ کر دیا

گوجر خان (قمر شہزاد) رمضان المبارک کی آمد کیساتھ ہی گوجر خان میں بھکاریوں کی یلغار مرد وخواتین بچے بوڑھے بازاروں میں دندناتے تھے تاجر اور خریداری کے لیے آنے والے شہری تکلیف اذیت کا شکار ہو رہے ہیں بھکاریوں اور خیبریں نے اپنے محفوظ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گوجر خان انتظامیہ کی پیشہ ور بھکاریوں کے معاملے میں خاموشی کی وجہ سے ہم اور دوسرے شہری ان ڈوں پیشہ ور (بقیہ نمبر 7)

پولیس ایکٹر ماہ صیام کے پہلے جمعۃ المبارک کے موقع پر باشاہی مسجد کے باہر الرٹ کھڑے ہیں

سرگودھا، اچھی کارکردگی دکھانے پر 11 افسران وایکاروں میں تعریفی سرٹیفکیٹس اور کیش انعامات تقسیم

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا رینج میں دوران ڈیوٹی انتہائی اہم جرائم پیشہ ملزمان کو گرفتار کر کے اچھی کارکردگی دکھانے پر 11 افسران وایکاروں میں تعریفی سرٹیفکیٹس اور کیش انعامات تقسیم کرتے ہوئے آر پی او نے دیگر ملازمین کو ان کی تقلید کر کے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی تلقین کی۔ ذرائع کے مطابق آر پی او شارق کمال صدیقی نے سرگودھا رینج میں دوران ڈیوٹی اچھی (بقیہ نمبر 8)

سرگودھا، گھریلو حالات سے دلبرداشتہ نوجوان نے خودکشی کر لی

سرگودھا (این این آئی) گھریلو حالات سے دلبرداشتہ 25 سالہ شادی شدہ نوجوان نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی جس کی شہتر سے جھولتی لاش کو پولیس نے برآمد کر کے پوسٹمارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا۔ سرگودھا رینج کے علاقہ پائی شیل میں گھریلو حالات سے دلبرداشتہ 25 سالہ شادی شدہ نوجوان مانی خان نے گلے میں پھندا ڈال کر رسی پر جھول کر خودکشی کر لی۔ مرنے کے گھر کا صحن دروازہ نہ کھلنے (بقیہ نمبر 19)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا سڑکوں کی تعمیر ومرمت کی مانیٹرنگ کا حکم

روڈز پر انجکشن میں کرپشن برداشت نہیں کروں گی، مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے روڈز کی تعمیر ومرمت کے پروگرام کی کڑی مانیٹرنگ کا حکم دیا اور کہا کہ روڈز پروجیکٹ میں کرپشن برداشت نہیں کروں گی، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے وہاڑی ملتان سمیت 15 اسٹریٹس دے پروگرام جلد شروع کرنے کی (بقیہ نمبر 20)

یورپی یونین کی سفیر کی وزیر خزانہ سے ملاقات

وزیر خزانہ نے سفیر کو حکومت کی اہم اصلاحاتی ترجیحات سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں یورپی یونین کی سفیر نے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقات کی جس میں وزیر خزانہ نے سفیر کو حکومت کی اہم اصلاحاتی ترجیحات سے آگاہ کیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق وزیر خزانہ نے یورپی یونین (بقیہ نمبر 21)

سکیورٹی تھریٹ ہے تو پوری جیل بند کر دیں، اسلام آباد ہائی کورٹ

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے خلاف توہین عدالت کی درخواستوں پر سماعت جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے درخواستوں پر سماعت کی

سفیر صوبائی اسمبلی ملک محمد احسان امریکی قونصل جنرل میں کرسٹن کے ہاکنز کو پنجاب اسمبلی کی پالیاری فوٹو شیئر کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اڈیالہ جیل کی انتظامیہ کی جانب سے سکیورٹی تھریٹ کی بنا پر ملاقاتیوں پر پابندی عائد کرنے پر اپنے ریمارکس میں کہا ہے کہ یہ دفاتر کا آسان طریقہ ہے کہ سکیورٹی تھریٹ ہے تو پوری جیل بند کر دیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں عدالتی عملہ کے باوجود ہائی پی آئی سے ملاقات نہ کرانے کے خلاف شیر آفریدی اور شاہانہ گلزار کی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے خلاف توہین عدالت کی درخواستوں پر سماعت جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل کو سپرنٹنڈنٹ جیل کی طرف سے تحریری (بقیہ نمبر 22)

امریکی سفیر کی وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات، دوطرفہ امور پر گفتگو

حکومت معیشت کو مستحکم کرنے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے میکرو اکنامک اصلاحات پر توجہ دے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں متعین امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے اسلام آباد میں وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر گفتگو کی گئی۔ امریکی سفارتخانہ کے ترجمان کے مطابق ملاقات میں علاقائی سلامتی سمیت دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ حکومت پاکستان کے (بقیہ نمبر 5)

سابق ایم پی اے راشد حفیظ کی پیشیوں پر اعتراض برقرار

راولپنڈی (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ راولپنڈی بنچ نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کیخلاف سابق ایم پی اے راشد حفیظ کی پیشیوں پر سماعت کے دوران درخواست پر اعتراض برقرار رکھتے ہوئے دوبارہ سماعت کرانے کی ہدایت کی ہے۔ جمعہ کو سماعت کا ہوا۔ ہائی کورٹ کے سنگل بنچ جانب سے جسٹس الرحمٰن کیانی اپنے دو کیس عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو حلقہ پی (بقیہ نمبر 6)

سعودی سفارتخانے نے پاکستان میں رمضان افطار پروگرام کا آغاز

سفارتخانے کے زیر اہتمام فیصل مسجد افطار میں ہزاروں افراد کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) سعودی سفارتخانے نے رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے لیے فیصل مسجد میں پہلے افطار پروگرام کا دیا۔ رواں سال کا (بقیہ نمبر 3)

اہتمام کرتے ہوئے پاکستان میں "شاہ سلمان بن عبدالعزیز اسعود افطار پروگرام" کا آغاز کر

ڈولفن سکواڈ کی تمام ڈویژنوں میں ریڈرز و محرران تبدیل

ایس پی ڈولفن نے گریجویٹ ریڈرز و محرران تعینات کرنے کی منظوری دی

اسلام آباد (این این آہ) ڈولفن سکواڈ کی تمام ڈویژنوں میں ریڈرز و محرران کو تبدیل کر دیا گیا۔ ایس پی ڈولفن ذوہیب رانجھا نے گریجویٹ ریڈرز و محرران کی تعیناتیں کرنے کی منظوری دے دی۔ ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز ڈولفن نے گریجویٹ ریڈرز و محرران کے انٹرویوز کیے۔ نئے تعینات ہونے والے ریڈرز و محرران کی سلیکشن کا عمل (بقیہ نمبر 4)

خواتین بادشاہی مسجد میں ماہ صیام کے پہلے جمعۃ المبارک کی نماز ادا کرنے کے بعد دعا مانگ رہی ہیں

سنی اتحاد کونسل کے اراکین کو واپس پی ٹی آئی میں ضم کرنے کا فیصلہ

پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کو ہماری لیگل ٹیم کو سپریم کورٹ میں چیلنج کرنا چاہیے، اسد قیصر ایک نئی حکومت بنے گی

جو صحیح معنوں میں عوامی مینڈیٹ پر مبنی ہوگی، آنے والے 5، 6 ماہ میں حکومت کی تبدیلی دیکھ رہا ہوں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سنی اتحاد کونسل کے اراکین کو واپس پی ٹی آئی میں ضم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ایک انٹرویو میں پارلیمانی پی ٹی آئی اسد قیصر کا کہنا تھا کہ سنی اتحاد کونسل میں شامل ہونے کے معاملے پر ہم نے بہت مشاورت کی تھی، اس کے بعد ہی یہ فیصلہ کیا تھا، اس وقت ہمارے پاس آئین کم تھے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کو ہماری لیگل ٹیم کو سپریم کورٹ میں چیلنج کرنا چاہیے اور ہم امید رکھتے ہیں کہ سپریم کورٹ سے ہمیں کوئی ریلیف مل (بقیہ نمبر 7)

لاہور، ساتھی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک، 2 گرفتار

دو ڈاکو فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے، تھانہ کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ ڈسکہ میں ساتھی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک ہو گیا۔ ہلاک ڈاکو کی شناخت ضلع حفیظ کے نام سے ہوئی جبکہ 2 ڈاکو گرفتار اور 2 فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ڈسکہ کے علاقے میں ساتھی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک ہو گیا۔ ایس ایچ او کینٹ ویسٹ تحقیق نے بتایا کہ دو ڈاکو فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے، ڈاکوؤں کی تلاش کے لیے علاقہ میں سرچ آپریشن کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس کے (بقیہ نمبر 8)

سانگلہ ہل نامعلوم وجہ سے داماد نے ساس کو گولی ماری

نکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل کار کے مطابق شاہ کوٹ روڈ چھوٹا کوٹلہ گاؤں نامعلوم وجہ سے داماد نے ساس کو گولی ماری اطلاع پا کر ریسکیو 112 کا عملہ وہاں پہنچا، گولی لگنے سے 45 سالہ کلثوم بی بی زخمی ہو گئی۔ ریسکیو عملہ نے زخمی خاتون کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تحصیل ہسپتال سانگلہ ہل منتقل کر دیا۔

جہلم، جرم ثابت ہونے پر مجرم کو 10 سال قید محض اور 1 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ کی سزا

جہلم (این این آئی) جہلم پولیس کی موثر تفتیش، ایڈیشنل سیشن جج جہلم چوہدری فیض الحسن نے منشیات کے مقدمہ نمبر 242/23 بجرم 9(1)3D انسداد منشیات قانون صدر کا فیصلہ سنا دیا، جرم ثیب محمود نے گزشتہ سال منشیات فروشی کے جرم کا ارتکاب کیا تھا جس پر معزز عدالت نے جرم ثابت ہونے پر مجرم ثیب محمود کو 10 سال قید محض اور 01 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا فیصلہ سنا دیا، مجرم کو سال 2023 میں منشیات (بقیہ نمبر 10)

فوری ضرورت

ABC عوام کو غریب سامنے لنگار

Daily Awami Lalkaar

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035